دکھی انسانیت کی خدمت کرنا عین عبادت ہے: سرجن ممتاز احمد

اقبال آئی بلاک دینہ میں مریضوں کا مفت معائنہ اور آپریشن کر رہے ہیں' اجلاس سے خطاب

دینہ (تحصیل رپورٹر) انجمن بہبود مریضاں ڈنمارک و پاکستان دینہ کے اراکین کی سرپرست اعلیٰ حاجی محمد اقبال، صدر چودھری محمد اشرف اور آئی سرجن ڈاکٹر ممتاز احمد اقبال کی زیر صدارت ہوا۔ جس میں دیگر امور کے علاوہ فیصلہ ہوا کہ فوری طور پر آنکھوں کا علاج شروع کیا جائے۔ اس طرح جدید مشینری سے آراستہ اقبال آئی بلاک دینہ نے غریب نادار اور بے سہارا مریضوں کیلئے ماہر آئی سرجن ڈاکٹر ممتاز احمد انچارج شعبہ چشم ڈی ایچ کیو جہلم کی نگرانی میں کام شروع کر دیا ہے۔ پریس سیکرٹری افتخار احمد بٹر نے صحافیوں کو بتایا کہ ڈاکٹر ممتاز احمد ہر جمعہ اور ہفتہ کو اقبال آئی بلاک دینہ میں آنکھوں کے مریضوں کا فری معائنہ اور آپریشن کیا کریں گے۔ ماہر آئی سرجن نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت اور تحصیل دینہ میں آنکھوں کے فری معائنہ کیلئے دینہ میں اقبال آئی بلاک کا کام شروع کرنا علاقہ کی عوام کی گراں قدر خدمات ہیں جس پر پاکستان و ڈنمارک کے اراکین مبارکباد کے مستحق ہیں اور یہ ایک مثالی خدمت ہے۔ اجلاس میں شریک اراکین لالہ محمد رزاق، نائب صدر حاجی محمد حسین، چودھری محمد اشرف ڈی ای او محمد محبوب بٹ، عبدالروف چودھری افتخار احمد بٹر پریس سیکرٹری و دیگر اراکین نے ڈاکٹر محمود احمد مرزا انچارج تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال دینہ کے تعاون اور اقبال آئی بلاک کیلئے خدمات کی بھرپور الفاظ میں تعریف کی۔